لانڈھی سیکٹر کے بزرگ کارکن وحق پرست کونسلر عبدالحمید پٹیل کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔9فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر کے بزرگ کارکن وحق پرست کونسلر عبدالحمید پٹیل کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالحمید پٹیل مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

لانڈھی سیکٹر کے بزرگ کارکن وحق پرست کونسلر عبدالحمید پٹیل انتقال کرگئے،نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست نمائندوں کی شرکت

کراچی۔۔۔9فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لانڈھی سیکٹر یونٹ83 کے بزرگ کارکن ویوسی9 لانڈھی ٹاؤن کے حق پرست جنرل کونسلر عبدالحمید پٹیل حرکت قلب بند ہوجانے کے باعث انتقال کرگئے۔(انا اللہ وانا الیہ راجعون)مرحوم کی عمر55 سال تھی اور وہ عرصہ دراز سے امراض قلب میں مبتلا تھے کہ گزشتہ روز انہیں دل کا دورہ پڑا جس کے بعد انہیں فوری طبّی امداد کیلئے اسپتال لیجایا جارہا تھا کہ راستے میں ہی ان کا انتقال ہوگیا۔مرحوم عبدالحمید پٹیل قائد تحریک جناب الطاف حسین سے والہانہ عقیدت ومحبت رکھتے تھے ،انہوں نے سوگواران میں بیوہ،5 بیٹے اور2 بیٹیاں چھوڑی ہیں۔دریں اثناء عبدالحمید پٹیل مرحوم کو سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان ریڑھی گوٹھ قبرستان شیر پاؤ کالونی لانڈھی میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ بعد نماز ظہر جامعہ مسجد محمدی نزد پولیس گراؤنڈ میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست اراکین اسمبلی،لانڈھی ٹاؤن کے ناظم،نائب ناظم،یوسی ناظمین،کونسلرز،کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان،لانڈھی سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی یونٹوں کے ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔

عبدالحمید پٹیل،محمد شاہد میمن اور زاہدہ بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔9فروری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لانڈھی سیکٹر یونٹ83 کے بزرگ کارکن وحق پرست کونسلر عبدالحمید پٹیل،ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹB-112 کے کارکن محمد شاہد میمن کے والد محمد شریف اور ایم کیوایم حیدرآباد زون کے سابق زونل ممبر رحمت کی والدہ زاہدہ بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین)

☆☆☆☆☆